09/06/2026

07.40 / PM

## ہیڈ لائنز

*........ پاکستان کے زیر قبضہ جموںو کشمیر انسانی حقوق کی پامالیوں پر پاکستان کو جواب دہ ٹھہرانے کےلئے بین الاقوامی برادری پر بھارت کا زور۔

*........ سرینگر لیہہ قومی شاہراہ پر تعمیر ہو رہی زوجیلہ ٹنل کا Breakthrough// مرکزی وزیر نِتن گڈکری نے کی ٹنل کی حتمی بلاسٹنگ۔

*........لیفٹننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے زوجیلہ ٹنل کو جموںو کشمیر اور لیہہ کے درمیان رابطہ کا ری کا اہم سنگ میل دیا قرار۔

*........ بِرکس ایگریکلچرل کانفرنس مدھیہ پردیش میں جاری۔

## بھارت۔ پاک

وزارت خارجہ نے پاکستان کے زیر قبضہ جموںو کشمیر میں مظاہرین پر پولیس کی بربریت کے نتیجے میں ہوئی شہری ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت اس بات کے لئے پُر اُمید ہے کہ بین الاقوامی برادری پاکستان کو اسطرح کی کارروائیوں کےلئے جواب دہ ٹھہرائے گی۔

نئی دلی میں میڈیا سے بات کر تے ہوئے وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ نئی دلی پاکستان سے سامنے آنے والی غلط خبروں اور ویڈیوز کو بغور دیکھ رہی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان اپنی ناکامیوں کو چھپانے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کےلئے ایسا کررہا ہے۔

اس دوران اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے Parvathaneni Harish نے کہا ہے کہ اسلام آباد اپنی ناکامیوں کو، نئی دلی پر ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔

## گڈکری ٹنل

سرینگر لیہہ قومی شاہراہ پر تعمیر ہو رہی زوجیلہ ٹنل میں آج حتمی Breakthrough مکمل ہوئی اور اسے اس پروجیکٹ کی عمل آوری میں سنگ میل کی حیثیت تصور کیا جا رہا ہے۔ Breakthrough کا کام سڑک شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کی موجودگی میں انجام دیا گیا۔

علاوہ ازیں جموںو کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، وزیراعلیٰ عمر عبداللہ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

مرکزی وزیر نے اس پروجیکٹ کی اہمیت کو اُجاگر کر تے ہوئے کہا کہجدید سہولیات سے لیس اس ٹنل کی تکمیل سے لداخ کے لوگوں کو ہر موسم میں عبور و مرور کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی اور خطے کی اقتصادی اور سماجی ترقی کو بھی تقویت حاصل ہو گی۔

**ٹنلLG**

**کو جمونو کشمیر اور لداخ Breakthrough اس موقعے پرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ٹنل کی کے درمیان رابطوں کو مستحکم کرنے اور ترقی کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کےلئے کلیدی نوعیت کا قرار دیا۔**

**انہوننے کہا کہ لگ بھگ 14کلو میٹر لمبی اس ٹنل پر6ہزار800 کروڑروپے خرچ کئے جا رہے اور یہ کشمیر صوبے میں گاندربل ضلعے کو لداخ کے دراس علاقے سے جوڑے گی۔ منوج سنہا نے کہا کہ رابطہ کا ری کے پروجیکٹوں سے خطوں کی ترقی ممکن بن جا تی ہے۔**

**اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے اس اہم پروجیکٹ کےلئے وزیر اعظم نریندر مو دی اور شاہراؤں و ٹرانسپوٹ کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کا دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔**

**ٹنلCM**

**کا مشاہدہ کرنے کے بعد وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دونوں یوٹیز کے Breakhthrough ٹنل کی لوگوں کو مبارکباد دی ۔**

**انہوننے کہا کہ ٹنل کے مکمل ہونے سے نا ساز گار موسمی صورتحال کے دوران بھی لوگوں کو آنے جانے کی سہولیات دستیاب ہونگی نیز کشمیر اور لداخ میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو گا اور روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا ہونگے۔**

**روح اللہ**

**سرینگر پارلیمانی حلقے سے ممبر پارلیمنٹ آغاہ سید روح اللہ مہدی نے آج سرکٹ ہاوس پلوامہ میں عوامی مسائل کی سماعت کے ایک پروگرام کے دوران ان کے ترقیاتی امور کا جائزہ لیا۔**

**اس موقعے پر مقامی لوگوں اور وفود نے اپنے کئی معاملات ممبر موصوف کی دانست میں لائے اور روح اللہ مہندی نے انہیں یقین دلایا کہ سبھی جائز مسائل و مطالبات کو حل کرنے کےلئے ضروری پالیسی مداخلت کی جائے گی۔**

**نائب وزیر اعلیٰ**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج سرینگر میں شیعہ آبادی والے علاقوں کا دورہ کر کے وہاں محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔**

انہوںنے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ بین محکمہ جا تی رابطے کے تحت کام کر کے ایام متبرکہ کے دوران طبی نگہداشت ، پانی ، صفائی ستھرائی، سٹریٹ لائیٹنگ اور دیگر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں تاکہ عزا داروں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ان کے ہمراہ ممبران اسمبلی سلمان علی ساگر اور تنویر صادق بھی تھے۔

سکینہ ایتو

ادھرصحت و طبی تعلیم کی و زیر سکینہ ایتو نے محرم الحرام کے پیش نظر اہم مقامات پر مناسب مقدار میں طبی ٹیموں اور ضروری ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے اور ایمر جنسی ریسپانس یونٹوں کو فعال رکھنے کی ہدایت دی۔

وزیر موصوفہ نے سرینگر میں محکمہ صحت کے سینئر افسران کی ایک میٹنگ میں عزاداری کے جلسوں میں حصہ لینے والے عزاداروں کےلئے طبی نگہداشت کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوںنے جلوسوں کی جگہوں اور سبھی متعین کر دہ راستوں پر مناسب طبی خدمات دستیاب رکھنے کےلئے ایک سرگرم اپروچ کے تحت کام کرنے کی تلقین کی۔

جا وید ڈار

اس دوران محکمہ زرعی پیدا وار اور دیہی ترقی کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کہا ہے کہ سرکار محرم الحرام کی تقریبات کا انعقاد احسن طریقے پر یقینی بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔

وہ آج ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں محرم تقریبات کےلئے کی گئی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج دریائے چناب کے کنارے Fattu Kotli Garkhal کے مقام پر 2کروڑ47لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہو رہے باندھ کا سنگ بنیاد رکھا۔

انہوںنے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کو سیلاب سے تحفظ دینے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے جمونو کشمیر کو کھیل کود کے ایک پاور ہاوس میں تبدیل کرنے پر زور دیا ہے۔

وہ آج جموں میں2026-27کے مجوزہ سپورٹس کلینڈر اور یوٹی بھر میں کھیل کود کی ترقی کے نقش راہ کا اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے۔

رحیم راتھر

انڈیا CPAجمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج چندی گڈھ میں ریجن زون سیکنڈ کی 2روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وِکست بھارت شہریوں کو با اختیار بنانے اور اداروں کے کام کاج میں بہتری لانے کا ایک اہم نظریہ ہے۔

انہوننے اس سلسلے میں قانون سازوں کے رول کو بھی اُجاگر کیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

برکس

برِکس ایگریکلچر کانفرنس آج سے اِندور مدھیہ پردیش میں شروع ہوئی۔ اس سمٹ میں برازیل، انڈونیشیا، چین، ایران جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات اور دیگر ممبر ممالک بھی شرکت کر رہے ہیں۔

ممالک کے وزرائے زراعت، سینئر اہلکار اور زرعی ماہرین بھی اس میں شرکت کر رہے ہیں 21 اور کانفرنس کے دوران فوڈ سکیورٹی، زرعی شعبے میں اختراعیت ، ماحول دوست کاشتکاری، زرعی تجارت اور کسانوں کو با اختیار بنانے سے متعلق دیگر امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران عملائی جا رہی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوننے کہا کہ ان سکیموں کو موثر طریقے پر عملایا جانا چاہئے تاکہ ان سے تمام مستحقین مستفید ہو سکیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ قریب سے ان سکیموں کی پیش رفت کی نگرانی کر رہے ہیں۔

## NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ بعض سیاحتی مقامات پر سیاحتی سرگرمیوں کی معطلی سے ہزاروں کنبوں کا روزگار متاثر ہو رہا ہے۔

آج سیاحتی مقام نارہ ناگ کے دورے کے دوران ڈاکٹر عبداللہ نے ایل جی انتظامیہ اور مرکزی وِزارت داخلہ سے مطالبہ کیا کہ نارہ ناگ سمیت جموںو کشمیر کے سبھی بند پڑے سیاحتی مقامات کو سیاحوں کےلئے کھول دیا جائے۔

اسی دوران این سی صدر نے با با نگری وانگت کنگن جا کر حضرت با با نظام الدین کیانوی ؒ کی درگاہ پر حاضری دے کروہاں عالم انسانیت اور جموںو کشمیر کے عوام کی خوشحالی کےلئے دعا کی۔

## شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بے روزگاری کی بڑھتی صورتحال اور ڈیلی ویجروں کی خدمات کو با قاعدہ بنانے میں ہو رہی تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

ایک بیان میں انہوننے اہم مسائل کی طرف سے فوری توجہ دینے کی مانگ کی ہے۔

## یاترا

ضلع اننت ناگ میں اس سال کی شری امر نا تھ جی یاترا کےلئے پونیو کی رجسٹریشن کا عمل 25جون تک جا ری رہے گا۔ ہمارے اننت ناگ کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ابھی تک پہلگام میں ساڑھے6ہزار پونیوں کا اندراج کرایا گیا ہے۔

ادھر ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتن کشور نے اس سال کی یاترا کو آسان اور محفوظ بنانے کےلئے یاترا کے راستے پر اور بیس کیمپوں پر سبھی کاموں کو مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

وہ اس سلسلے میں افسروں کی ایک میٹنگ میں تیاریوں کا جائزہ لے رہے تھے۔

## پروگرام

آکاشوانی سرینگر سے آج رات ساڑھے8بجے شعبہ خبر کا تیار کر دہ ایک خصوصی پروگرام نشر ہو گا۔ پروگرام میں عوامی بہبود میں انجینئرنگ برادری کے رول کے موضوع پر دی انسٹی چیوشن آف انجینئر س جموںو کشمیر سٹیٹ سینٹر کے چیرمین انجینئر فردوس احد بٹ بات چیت کریں گے۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے ڈائریکٹر نیوز اور شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

**نشہ مکت**

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔ انہوںنے حال ہی میں یوٹی کے تمام ضلعوں میں پد یاترایوں کا سلسلہ مکمل کیا۔

ابھیان کے تحت اب تک کا فی پیش رفت حاصل کی جا چکی ہے۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

سماجی سطح پر اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے وادی کے ایک معروف گلوکار گلزار احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**نشہ بیداری**

سینٹرل گورنمنٹ پنشنرس ویلفیر ایسو سی ایشن نے آج گورنمنٹ گرلز ہائر سکنڈری سکول کوٹھی باغ سرینگر میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔

اس موقعے پر ایسو سی ایشن کے صدر کفایت رضوی نے نوجوان نسل کو ا س بدعت سے دور رکھنے اور والدین اور سماج کی ذمہ داریوں کو اُجاگر کیا۔

تقریب پر مولانا شوکت حسین کینگ، ڈاکٹر مظفر ، مولانا جی آر نوری اور آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے بھی خطاب کیا۔

**پولیس**

جموںو کشمیر پولیس نے اننت ناگ، پلوامہ اور سوپور علاقوں میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران مزید 3 ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر لیا ہے۔

پلوامہ پولیس نے16سال کی ایک کمسن اغوا شدہ لڑکی کو بروقت کارروائی کر کے24گھنٹوں کے اندر باز یاب کر لیا ہے۔

پولیس نے گاندربل اور بارہمولہ اضلاع میں معدنیات اور تعمیراتی میٹریل کی غیر قانونی ٹرانسپورٹیشن میں استعمال ہونے والی11گاڑیوں کو سیز کر دیا ہے۔

گاندربل پولیس نے امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں خدمات فراہم کنند گان کی ویری فکیشن کےلئے

---

لانچ کی ہے۔ "Pahchan App"©

**ریل گاڑی**

اب ریل سے متعلق یہ خبر

Somvati Amavasya کے موقعے پر شردھالوں کے اضافی شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے Haridwar رش کے پیش نظر شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ اور کے درمیان ایک خصوصی ریل گاڑی چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔

یہ ریل گاڑی14جون کو کٹرہ سے روانہ ہو گی اور اگلے دن ساڑھے چھ بجے Haridwar پہنچے گی۔ اسی طرح ایک اور ریل گاڑی 15جون کو5بجکر20منٹ پر Haridwar سے روانہ ہوکر اگلے دن7بجے کٹرہ پہنچ جائے گی۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ حکومت نے پچھلے12برسوں کے دوران ملک کے نوجوانوں ، خواتین اور کسانوں کو با اختیار بنانے میں کوئی بھیکمی نہیں چھوڑی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ایک اعشاریہ4بلین شہریوں کی دعاؤں کی بدولت اور نیشن فسٹ جذبے کے تحت حکومت اعتماد ، ترقی اور عوامی بہبود کے منتر پر کار بند ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ان بے لوث کاوشوں کے نتیجے میں بھارت نے عالمی سطح پر اپنی ایک نئی شناخت قائم کی ہے۔ انہوننے کہا کہ حکومت خدمات، بہتر حکمرانی اور ترقی کے نئے منازل طے کر تی رہے گی۔

**سال12**

دریں اثناءوزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے وزیر اعظم نریندر مو دی کی سر براہی والی 12سال کی حکومت کی ستائش کر تے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم کی بے مثال کاوشوں کی بدولت بھارت ترقی کی ایک نئی راہ پر گامزن ہے اور اس مدت کے دوران ترقیاتی عمل کا معیار کی نئی منزلوں کو چھونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کے معیار حیات میں کافی بہتری آئی ہے۔

**بارہ سالNDA**

NDA حکومت کے12برس کی حکومت کے دوران عام لوگوں کی بہبود کےلئے مختلف سیکٹروں کی کئی سکیمیں شروع کی گئیں ہیں، جن سے عام لوگ بڑے پیمانے پر مستفید ہو رہے ہیں۔

پینے کے پانی اور آبپاشی سہولیات کی طرف بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ ایک عام شہری کے تاثرات۔

**برسا منڈا**

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے مجاہد آزادی بھگوان بِرسا منڈا کو ان کے شہیدی دِوس پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔**

**ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بِرسا منڈا نے غیر ملکی حکومت کے خلاف کا فی جد وجہد کرنے کے ساتھ ساتھ پانی، جنگلات اور زمین کو تحفظ دینے کےلئے بھی بے مثال کام کیا تھا۔**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی عظیم قبائلی شخصیت اور فریڈم فائٹر بھگوان بِرسا منڈا جی کو Punyatithi پر خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے قبائلی طبقے کے حقوق کی پاسداری کرنے انکی کےلئے بھگوان بِرسا منڈا کے رول کو اُجاگر کیا۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت32 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 42 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 19منٹ اور**

**غروب آفتاب شام7 بجکر42منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔**

**اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ۔**

**……………………………………..**

**………………….**

**…………**

**…..**